P.R.NO.30/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، علاقائی دفتر، ملتان

Press Release

وفاقی محتسب کا علاقائی دفتر ملتان کی نئی بلڈنگ کا افتتاح

فیصلوں پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کریں گے۔وفاقی محتسب

غریب عوام کی دہلیز پر انصاف پہنچانے کے لئے موثر اقدامات کر رہے ہیں۔اعجاز احمد قریشی

ملتان(   )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے ادارے کے علاقائی دفتر ملتان کی نئی بلڈنگ کا افتتاح کر دیا۔افتتاحی تقریب میں سرکاری افسران، سول سوسائٹی کے اہم افراد اور میڈیا کے نمائندوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔وفاقی محتسب نے افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سرکاری افسروں پر زور دیا کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں تاکہ شکایت کنندگان کو فوری ریلیف مل سکے۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے اور اس ادارے کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی دادرسی کرنا ہے،ہم دوسو سے زائد وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات کے ازالے کے لئے پرعزم ہیں۔سرکاری افسران کو عوام الناس کی شکایات کے ازالے کے لئے اپنی تمام تر کوششیں بروئے کار لانا چاہئیں۔وفاقی محتسب نے اپنے دورہ کے دوران وفاقی محتسب کے علاقائی دفاتر ملتان، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان کے افسران اور وفاقی اداروں کے مقامی سربراہان کے ساتھ ایک اجلاس کی صدارت بھی کی۔انہوں نے افسران پر زور دیا کہ وہ عوام کی خدمت کو شعار بنائیں اور وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، بصورت دیگر ہمیں اپنے اختیارات استعمال کرنا پڑیں گے۔وفاقی محتسب نے اپنے خطاب کے دوران بتایا کہ سال 2024ء کے دوران عوامی شکایات میں ریکارڈ اضافہ ہوا،جس کی وجہ یہ ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے کی پہنچ اور رسائی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے،انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند ماہ میں مظفر آباد (آزاد جموں وکشمیر)،گلگت بلتستان، میرپورخاص، ساہیوال اور ڈیرہ غازی خان میں نئے علاقائی دفاتر قائم کئے گئے ہیں جس کے بعد ملک بھر کے 26 شہروں میں یہ ادارہ عوام الناس کو سہولیات فراہم کر رہا ہے۔افتتاحی تقریب میں وفاقی سرکاری اداروں کے مقامی سربراہان کے علاوہ میڈیا اور سول سوسائٹی کے کثیر افراد نے شرکت کی۔وفاقی محتسب نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ برس میں دو لاکھ 26 ہزار 372 شکایات آئیں اور دو لاکھ 23 ہزار 198 شکایات کے فیصلے کئے گئے، 93.21 فیصد فیصلوں پر عملدرآمد بھی ہو گیا۔انہوں نے کہا کہ عوام الناس کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کرنے کے لئے ملک بھر میں 126 کھلی کچہریاں منعقد کی گئیں۔او سی آر پروگرام کے تحت 171 دورے کئے گئے،سرکاری اداروں کے نظام کی اصلاح اور خدمات کو بہتر بنانے کے لئے وفاقی محتسب کی معائنہ ٹیموں نے سرکاری محکموں کے 79 دورے کئے۔انہوں نے بتایا کہ ہمارے انوسٹی گیشن افسران ملک کے دور دراز علاقوں میں خود جا کر کھلی کچہریاں منعقد کر کے عوام الناس کو ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کر رہے ہیں۔وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ غریبوں کی عدالت ہے جس کا مقصد نادار اور پسماندہ طبقے کی شکایات کی دادرسی کرنا ہے۔وفاقی محتسب نے کہا کہ ہمارے افسران کی انتھک محنت، کھلی کچہریوں، معائنہ ٹیموں کے مختلف سرکاری اداروں کے دوروں اور تنازعات کے غیر رسمی حل جیسے پروگراموں کے باعث ہر سال عام لوگوں کی شکایات کی دادرسی میں اضافہ ہو رہا ہے۔انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب میں بیرون ملک پاکستانیوں اور بچوں کی شکایات کے لئے الگ سے شکایات کمشنرز مقرر کئے گئے ہیں۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

0333-5333266

26جون2025ء